اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# درجه شروع کرنے سے پہلے کی نیتیں

(خصوصی اسلامی بہن کورس کرنے والیوں کے لیے)

فرمانِ مصطفٰی صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نِيَّةُ الْمُؤْمِنُ خير مِن عَمَلِه "مسلمان کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے۔"
(طبرانی معجم کبیر ج6ص185حدیث942 دار الاحیاء التراث العربی بیروت)

**دو مدنی پھول**: (1) بغیر اچھی نیت کے کسی بھی عملِ خیر کا ثواب نہیں ملتا۔ (2) جتنی اچھی نیتیں زیادہ اُتنا ثواب بھی زیادہ۔

1. اللہ عزوجل کی رضا حاصل کرنے کے لیے مدنی قاعدہ پڑھوں گی۔
2. اپنے مخارج درست کرنے اور کثیر اجر و ثواب حاصل کرنے کی نیت سے پڑھوں گی۔
3. تحصیل علمِ دین کی نیت سے پڑھوں گی۔
4. جو کچھ علم حاصل کروں گی اس پر اخلاص کے ساتھ حتی الامکان عمل کرنے کی کوشش کروں گی۔
5. معلومات زیادہ ہونے کی صورت میں غرور و تکبر نہیں کروں گی۔
6. کسی سے ذاتی دوستی نہیں کروں گی۔
7. معلمہ کے حقوق ادا کرنے کی حتی الامکان کوشش کروں گی۔
8. معلمہ کی کمزوری معلوم ہوئی تو ہرگز کسی اور کے سامنے ظاہر نہیں کروں گی۔
9. فضول کاموں اور فضول باتوں میں وقت ضائع نہیں کروں گی۔
10. فضول اور بے محل سوال کرنے سے بچوں گی۔
11. اللہ کی رضا کے لئے اشاروں کی زبان سیکھوں گی۔
12. اشاروں سے گفتگو کرنا پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کی سیرت سے ثابت ہے اس لئے اشاروں کی زبان سیکھوں گی۔
13. اشاروں سے گفتگو کرنا پیارے صحابہ کرام علیہم الرضوان سیرت سے بھی ثابت ہے اس لئے اشاروں کی زبان سیکھوں گی۔
14. اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنے کے لئے اشاروں کی زبان سیکھوں گی۔
15. اشاروں کی زبان سیکھ کر زبان سے سرزد ہونے والے گناہوں سے بچنے کی کوشش کروں گی۔
16. اشاروں کی زبان سیکھ کر زبان کا قفلِ مدینہ لگاؤں گی۔
17. اشاروں میں گفتگو کر کے مدنی انعام پر عمل کروں گی۔
18. قوت سماعت و گویائی سے محروم اسلامی بہنوں تک دعوت اسلامی کا پیغام پہنچانے کی کوشش کروں گی۔



19. ان کو نماز اور اس کے مسائل سکھاؤں گی۔
20. جن خصوصی اسلامی بہنوں کے لئے ممکن ہوا انہیں مختلف اذکار زبان سے ادا کرنے کا طریقہ سکھانے کی کوشش کروں گی۔
21. اشاروں کی زبان میں گفتگو کر کے ان کے دلوں میں خوشی داخل کروں گی۔
22. ان کو درپیش شرعی مسائل کا حل بتانے کی کوشش کروں گی۔
23. ان کے دلوں میں عشق رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم پیدا کرنے کی کوشش کروں گی۔
24. ان کو پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کی سنتیں سکھانے کی کوشش کروں گی۔
25. ان کو پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کی سنتوں پر عمل کرنے کی ترغیب دلاؤں گی۔
26. ان کو والدین اور بڑوں کا ادب سکھاؤں گی۔
27. ان کو ذمہ دار کی اطاعت کا ذہن دوں گی۔
28. ان کو کعبۃ اللہ شریف کا ادب سکھاؤں گی۔
29. ان کو حاضری روضہ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کا طریقہ سکھاؤں گی۔
30. ان کو مکه مکرمه اور مدینة المنوره کا ادب سکھاؤں گی۔
31. ان کو عقائد اہلسنت سکھاؤں گی۔
32. اپنے علاقے / ڈویژن / کابینہ میں جا کر خصوصی اسلامی بہنوں میں فوراً مدنی کام شروع کروں گی اور اپنا نعم البدل تیار کرنے کی کوشش کروں گی۔
33. خصوصی اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کروں گی۔
34. اشاروں کی زبان میں بیان کروں گی۔
35. اشاروں کی زبان میں نعت شریف اور صلوٰة و سلام پڑھوں گی۔
36. اشاروں میں ذکر کراؤں گی۔
37. اشاروں میں دعا کراؤں گی۔
38. ان کے دلوں میں امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی محبت پیدا کرنے کی کوشش کروں گی اور ان کو عطاریہ بناؤں گی۔
39. بغیر شرعی مجبوری کے استقامت کے ساتھ یہ مدنی کام کرتی رہوں گی۔
40. اپنے علاقے میں جا کر مزید اسلامی بہنوں کو خصوصی اسلامی بہن کورس کے لئے بھیجوں گی۔
41. خصوصی اسلامی بہن کورس کرنے کے بعد اگر مدنی مرکز نے حکم فرمایا تو کورس کرانے کی سعادت حاصل کروں گی۔

**مدنی پھول:** نیتیں کرواتے وقت نمبر نہ بتائے جائیں۔ ﴿روزانہ ان میں سے چند نیتیں کروائی جائیں۔﴾